جگر داری = بہادری و شجاعت - شکیب = صبر - خاطر = دل -
بھلا = حرف ایجاب ہے اور فارسی مین اسکا ترجمہ خیر ہوتا ہے -

سبکو مقبول ہے دعوی تری یکتائی کا	روبرو کوئی بت آئینہ سیما نہوا

سیما = پیشانی کو کہتے ہین جسکی پیشانی صاف اور شفاف ہو اُسکو آئینہ سیما کہین گے - آئینہ سیما یعنے پیشانی آئینہ دارنده یعنے صاف شفاف پیشانی والا مگر یہہ لفظ خاصکر معشوقون کی صفت مین مستعمل ہوتا ہے بلکہ معشوق کے نامون سے ایک نام ہے - بت آئینہ سیما منادی ہے یعنے اے بت آئینہ سیما کوئی تیرا مقابل نہوا حسن و جمال مین - یہہ بھی ہوسکتا ہے کہ اے معشوق کوئی بت آئینہ سیما تیرے مقابل نہوا - دو پہلو ہین اور یہہ دو پہلو کوئی کو ملاکر اور علیحدہ پڑھنے سے پیدا ہوتے ہین - کوئی کو ملاکر پڑھین تو معشوق مخاطب ہوگا اور کوئی بت آئینہ سیما مبتدا ہوگا اور جو کوئی کو علیحدہ پڑھین تو بت آئینہ سیما مخاطب ہوگا اور صرف کوئی مبتدا ہوگا - صورت ثانی مین کوئی کے معنے کوئی حسین اور کوئی معشوق کے ہون گے - بت = موصوف و معروف یہان مجازی معنے یعنے معشوق مراد ہین -

کم نہین نازش ہمنامی چشم خوبان	تیرا بیمار برا کیا ہے گر اچھا نہوا

یعنے یہہ نازش کچھہ کم نہین ہے کہ ہم بھی چشم بیمار کے ہمنام ہین بسبب بیماری عشق کے - نازش = ناز کرنا - یہہ حاصل بالمصدر ہے نازیدن کا

حسینون کے آنکھہ کی صفت بیمار آتی ہے اور معشوقون کی آنکھہ کو چشم بیمار
کہتے ہین جب ہم تیرے عشق مین بیمار ہوگئے تو لفظ بیمار ہمارے نام پر بھی
عائد ہوا اور بسبب بیماری عشق کے ہم کو بھی لوگ بیمار کہنے لگے اور بیمار
لکھنے لگے ظاہر ہے کہ جو بیمار ہوگا اُسکو بیمار کہین گے - یہان سے شاعر
نے یہہ شاعرانہ مضمون نکالا کہ ہم بھی بسبب بیماری عشق کے چشم خوبان
کے ہمنام ہین یعنے لوگ ہم کو بھی فلان معشوق کے عشق کا بیمار کہتے ہین
جیسے معشوقون کی آنکھون کو بیمار کہا کرتے ہین لہذا ہم اس بات پر نازش
اور فخر کرتے ہین کہ ہم چشم خوبان کے ہمنام ہین اور اسی واسطے تندرست
ہونا نہین چاہتے بلکہ یہہ خواہش ہے کہ ہمیشہ بیمار ہی رہین تاکہ ہمنامی اور
پھر اُس پر فخر حاصل رہے یہان یہہ بات جو نازک خیالی کے متعلق ہے
جاننی ضرور ہے کہ ہمنامی پر فخر ہوسکتا ہے اور اسی وجہ سے لوگ اچھے
اور عمدہ نام اور بزرگون کے نام رکھا کرتے ہین اور شریعت مین بھی یہہ
حکم آیا ہے کہ اولاد کے اچھے نام رکھا کرو تاکہ برے نامون سے اُن کو
رنج اور ایذا نہ پہونچے -

اسد ہم وہ جنون جولان گداے بے سروپا ہین	کہ ہے سر پنجہ مژگان آہو پشت خار اپنا

جنون جولان = یعنے جولان جنون دارندہ - جنون کا جولان رکھنے والا
جولان کے معنے دوڑنے اور دوڑانے کے ہین - جنون جولان کے معنے
بہت دوڑنے والے کے ہین مگر یہہ ترکیب اہل لسان کی نہین ہے بلکہ